**Fazil / Tausif**

**30-05-2026**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ضمیر رضوی

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- مرکز نے، تیل مارکیٹنگ کمپنیوں سے کہا ہے کہ وہ مغربی ایشیاء محاذ آرائی جاری رہنے کے پیش نظر **LPG** کے ذخیرے **30** دن تک برقرار رکھیں۔

2- خاندانی صحت کے قومی سروے سے، ماں اور بچے کی صحت کے میدان میں، بڑے فائدوں کا پتہ چلا ہے۔ ادارہ جاتی زچگی میں اضافہ ہوکر یہ **90** اعشاریہ **6** فیصد ہوگئی ہے اور بچوں کی ٹیکہ کاری **96** فیصد ہوگئی ہے۔

3- میانما کے صدر **Min Aung Hlaing** بھارت کے **5** روزہ دورے کے پہلے مرحلے میں، آج صبح بہار میں بودھ گیا پہنچیں گے۔

4- بھارت کے محکمۂ موسمیات نے، آج ملک کی بہت سی ریاستوں میں موسلا دھار بارش اور گرج چمک کے ساتھ چھینٹا پڑنے کی پیشگوئی کی ہے۔

5- ہانگ کانگ میں،**20** سال تک کی عمر کی، ایشئن آتھلیٹکس چیمپئن شپ میں بھارتی آتھلیٹس کا بول بالا رہا۔ انہوں نے دوسرے دن سونے کے دو تمغوں سمیت **7** تمغے حاصل کیے۔

6- اور **IPL** کرکٹ میں، گجرات ٹائٹنس نے راجستھان رائلز کو **7** وکٹ سے ہرا کر رائل چیلنجرس بنگلورو کے ساتھ فائنل میچ کھیلنے کو یقینی بنا دیا ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے ............

Govt - Fuel Reserves

حکومت نے سرکاری شعبے کی، تیل مارکیٹنگ کمپنیوں سے کہا ہے کہ وہ **LPG** کے ذخیرے، کم سے کم **30** دن کیلئے قائم کریں، کیونکہ مغربی ایشیاء میں محاذ آرائی سے، توانائی کی عالمی سپلائی میں بار بار رکاوٹ آرہی ہے۔

پیٹرولیم و قدرتی گیس کی وزارت میں، جوائنٹ سکریٹری سُجاتا شرما نے یہ بات، مغربی ایشیاء محاذ آرائی کے بارے میں، بین وزارتی پریس کانفرنس کے دوران، کل نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے کہی۔

سپلائی میں رکاوٹ کی روک تھام سے متعلق احتیاطی اقدامات کا ذکر کرتے ہوئے محترمہ شرما نے کہا کہ بھارت، خام تیل کو ذخیرہ کرنے کی گنجائش میں اضافے کیلئے بھی کام کر رہا ہے۔

محترمہ شرما نے کہا کہ حکومت، اہم ذخیروں اور بلا رکاوٹ سپلائی کو یقینی بنا کر، ایندھن کی یقینی فراہم کو مستحکم بنانے پر بھی کام کر رہی ہے۔ اِس کے علاوہ ذخیرہ اندوزی کی روک تھام کیلئے بھی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔×

Rev.NFHS-Material Health

صحت اور خاندانی بہبود کی وزارت نے، خاندانی صحت کا چھٹا قومی جائزہ جاری کیا ہے، جس میں اعداد و شمار سے، ماں اور بچے کی صحت، تغذیے اور مالی تحفظ کے میدان میں، بھارت کی، خاطر خواہ ترقی کا پتہ چلتا ہے۔

یہ جائزہ کل جاری کیا گیا، جس سے یہ بات خاص طور پر پتہ چلی ہے کہ اداروں میں کی گئی زچگی میں، جو پہلے 88 اعشاریہ 6 فیصد تھی، اضافہ ہو کر 90 اعشاریہ 6 فیصد ہو گئی ہے۔

ایک تفصیلی رپورٹ

**V/C - Swati Rakheja**

*اعداد و شمار سے پتہ چلا ہے کہ 95 اعشاریہ 9 فیصد حاملہ خواتین کو، زچگی کے بعد کی نگہداشت ملتی ہے، جبکہ ماؤں کو پہلی سہ ماہی میں ملنے والی، زچگی کے بعد کی نگہداشت میں بھی اضافہ ہوا ہے۔ پہلے یہ 70 فیصد تھی، جبکہ اب یہ 76 اعشاریہ 2 فیصد ہوگئی ہے۔*

*جائزے میں کہا گیا ہے کہ بھارت میں، خواتین کے حاملہ ہونے کی مجموعی شرح TFR، دو فیصد پر برقرار ہے اور بچوں کی ٹیکہ کاری سے، خاندانی منصوبہ بندی کے قومی پروگراموں کے اثرات کی اہمیت ظاہر ہوتی ہے، جس میں مشن پریوار وکاس بھی شامل ہے۔*

*جائزے میں، خواتین کی ڈیجیٹل شمولیت اور مالی تفویضِ اختیارات کے میدان میں لگاتار پیشرفت بھی ظاہر کی گئی ہے۔*

*یہ بھی کہا گیا ہے کہ جن خواتین نے کبھی نہ کبھی انٹرنیٹ استعمال کیا ہے، اُن کی تعداد تقریباً دوگنا ہوگئی ہے۔ پہلے یہ 33 اعشاریہ 3 فیصد تھی، جبکہ اب یہ تعداد 64 اعشاریہ 3 فیصد ہوگئی ہے۔*

*سروے میں بتایا گیا ہے کہ آیوشمان بھارت-PMJAY اور حفظانِ صحت کے توسیع شدہ اقدامات سے، حفظانِ صحت میں، سب کیلئے پیسے کی یقینی فراہمی میں استحکام پیدا ہوا ہے۔*

*وزارت نے بتایا کہ اِس دریافت سے، ترقیاتی مقاصد حاصل کرنے کی راہ میں، بھارت لگاتار ترقی کر رہا ہے۔*

*سواتی رکھیجا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں..........*

Morn. Myanmar Prez-Visit

میانما کے صدر U Min Aung Hlaing بھارت کے پانچ روزہ دورے پر، آج صبح بہار میں، بودھ گیا پہنچیں

گے۔ اُن کے ہمراہ ایک اعلیٰ سطح کا وفد بھی ہے، جو بہت سے کابینہ وزیروں، سینئر افسروں اور سرکردہ تاجروں پر مشتمل ہے۔ صدر U Min کا، اُن کی موجودہ حیثیت سے، بھارت کا یہ پہلا دورہ ہے۔

ایک رپورٹ ..................

**V/C - Jigyasa**

میانما کے صدر U Min Aung Hliang، بودھ گیا میں، مہا بودھی مندر اور سُجاتا مندر میں پوجا ارچنا کریں گے۔ آج بعد میں وہ نئی دلّی پہنچیں گے۔ یہاں وہ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر سے ملاقات کریں گے۔ امید ہے کہ کل وہ میانما-بھارت تجارتی فورم میں شرکت کریں گے۔ پیر کو وہ وزیراعظم نریندر مودی کے ساتھ دونوں ملکوں کے درمیان تاریخی اور تہذیبی رشتوں کو مزید مستحکم بنانے پر تبادلۂ خیال کریں گے۔ نئی دلّی میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ اُن سبھی معاملات پر، جو میانما اور بھارت کے درمیان بہت سے پہلوؤں پر مبنی تعلقات کا حصہ ہیں، دونوں رہنماؤں کے درمیان ملاقات کے دوران تبادلۂ خیال کیا جائے گا۔

**S/B - Jaiswal**

دورے کے حصے کے طور پر میانما کے صدر 2 جون کو ممبئی جائیں گے، جس کا مقصد تاجروں اور صنعتکاروں سے بات چیت کرنا اور موقعوں کا دورہ کرنا ہے۔ ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ میانما، بھارت کی ''پڑوسی مقدم، مشرق پر خصوصی توجہ اور مہاساگر پالیسیوں کا قائل ہے۔'' میانما کے صدر کے بھارت کے اِس سرکاری دورے سے امید ہے دونوں ملکوں کے درمیان کثیر جہتی تعلقات میں مزید استحکام اور گہرائی پیدا ہوگی۔

سُپرنا سائیکیا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

<u>Karnataka - legislative Party Meeting</u>

کرناٹک کے سبکدوش ہورہے وزیر اعلیٰ سدھا رمیا نے نیا رہنما منتخب کرنے کیلئے آج سہ پہر چار بجے کانگریس قانون ساز پارٹی کی میٹنگ طلب کی ہے۔ اِس دوران، DK شیو کمار، وزیر اعلیٰ سدھا رمیا کی جگہ لینے کی دوڑ میں سب سے آگے ہیں۔

گورنر تھاور چند گہلوت نے جناب سدھا رمیا کا استعفیٰ قبول کرلیا ہے اور نئے رہنما کے چُنے جانے تک اُن سے نگراں وزیر اعلیٰ کے طور پر فرائض انجام دینے کو کہا ہے۔

اِس دوران، کانگریس کے سبھی 136 اراکین اسمبلی کو قانون ساز پارٹی میٹنگ میں شریک ہونے سے متعلق سرکلر جاری کیا گیا ہے۔×

<u>Punjab - Civic Body result</u>

پنجاب مقامی بلدیاتی انتخابات میں برسر اقتدار عام آدمی پارٹی نے 1 ہزار 977 میں سے 958 وارڈز میں جیت

درج کی ہے۔

ریاست کی 8 میونسپل کارپوریشنوں، 75 میونسپل کاؤنسلوں اور 19 نگر پنچایتوں میں یہ انتخابات ہوئے تھے۔

کانگریس نے 397، شرومنی اکالی دل نے 192 اور BJP نے 172 وارڈز میں کامیابی حاصل کی ہے۔ BSP محض 7 وارڈز میں ہی کامیابی حاصل کرسکی۔ دلچسپ بات یہ رہی کہ آزاد امیدوار 251 وارڈز میں جیت کے ساتھ تیسرے نمبر پر ہیں۔

26 مئی کو پنجاب کے شہری مقامی بلدیاتی اداروں میں ہوئے انتخابات میں کُل 7 ہزار 554 امیدواروں نے حصہ لیا تھا۔×

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

VP Goa Statehood Day

ریاست گوا آج اپنا یوم تاسیس منا رہی ہے۔ آج ہی کے دن سال 1987 میں گوا کو مکمل ریاست کا درجہ دیا گیا تھا اور اِس طرح یہ بھارتی یونین کی 25 ویں ریاست بن گئی تھی۔

نائب صدر سی پی رادھاکرشنن پنجی کی کلا اکادمی میں گواب یوم تاسیس تقریبات میں شرکت کریں گے۔ یہ موقع گوا کی آزادی سے لے کر انسانی ترقی اور معیار زندگی کے معاملے میں بھارت کی سرکردہ ریاست بننے تک کے گوا کے سفر کی عکاسی کرتا ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے ............

**VC - Mahesh**

*گوا کی یوم تاسیس تقریبات کے دوران آج ریاست کی گزشتہ چار دہائی کے دوران، جو تبدیلی ہوئی ہے اُسے نمایاں کیا جائے گا۔ 1961 میں پُرتگالی تسلّط سے آزادی حاصل کرنے کے بعد گوا، دمن اور دیو کے ساتھ مرکز کے زیرِانتظام علاقہ بن گیا تھا۔ 1967 میں فیصلہ کن لمحہ تب آیا، جب گوا کے لوگوں نے گوا کی منفرد شناخت کو برقرار رکھنے کیلئے تاریخی اوپینین پول میں حصہ لیا۔ سال 1987 میں کونکنی زبان کو سرکاری زبان کا درجہ ملنے سے گوا کے ریاست بننے کی راہ ہموار ہوئی اور اُسی سال 30 مئی کو گوا، بھارت کی 25 ویں ریاست بن گئی۔*

*گوا کی یوم تاسیس تقریبات کے دوران، نائب صدر سی پی رادھاکرشنن آج، CSIR - نیشنل اِنسٹی ٹیوٹ آف اوشیئو گرافی کا دورہ کریں گے، جہاں وہ تحقیق اور ٹیکنالوجی سے متعلق نمائشی اشیاء کا مشاہدہ کریں گے اور سائنسدانوں سے بات چیت کریں گے۔*

*اِس دوران نائب صدر، CSIR-NIO، کافی ٹیبل بُک کا اجرا کریں گے۔*

نیچی سے مہیش چوپڑے کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلیے میں ...........

اِس دوران، مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے گوا کے یوم تاسیس کے موقع پر ریاست کے عوام کو مبارکباد پیش کی ہے۔

جناب شاہ نے کہا کہ گوا، ثقافت اور وراثت کا عظیم الشان امتزاج ہے، جو دنیا کے سامنے گرم جوشی سے بھر پور بھارتی ضیافت کا چہرا پیش کرتا ہے۔ جناب شاہ نے کہا کہ ریاست گوا، ملک کی ترقی اور فخر کے معاملے میں اپنا تعاون جاری رکھے گی۔×

Shah - Bhuj Visit

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ حکومت، اُبھرتے ہوئے سیکورٹی چیلنجوں سے زیادہ موثر طریقے سے نمٹنے کیلئے سرحدی محافظ فورس BSF کو اضافی ذمہ داریاں دینے پر غور کررہی ہے۔ جناب شاہ نے کل گجرات کے بھج میں BSF اہلکاروں سے بات چیت کے دوران یہ بات کہی۔ اِس دوران، جناب شاہ نے بھارت-پاکستان سرحد پر اسٹریٹجک اعتبار سے اہم 2 نئی سرحدی چوکیوں کا افتتاح کیا۔

جناب شاہ نے مزید کہا کہ BSF کے قیام کے 60 ویں سال کے موقع پر سرحدی حفاظت کے BSF کے نظریہ کو مکمل طور پر تبدیل کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ جناب شاہ نے محض سرحدی سلامتی کے روایتی نقطۂ نظر کو علاقائی سلامتی کے نئے نظریہ سے بدلنے کے مقصد سے Quadrangular سیکیورٹی Grid کے قیام کو متعارف کرانے کا اعلان کیا ہے۔×

Pradhan - Samagra Shiksha

مرکزی وزیرِ تعلیم دھرمیندر پردھان نے سمگر شکشا ابھیان کے تحت جاری اور استعمال کردہ فنڈ کا تفصیلی جائزہ لینے کیلئے میٹنگ کا انعقاد کیا۔ اِس دوران، سمگر شکشا 3.0 کو زیادہ موثر، شفاف اور ماحصل مرکوز بنانے پر توجہ دی گئی۔ سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب پردھان نے کہا کہ اِس سال اہم اسکیموں کو ضم کرتے ہوئے مربوط نقطۂ نظر اپنایا جائے گا۔ اِن اسکیموں میں سمگر شکشا ابھیان، PM پوشن، اُلہاس، PM شری اور دیگر فلیگ شپ پروگرام شامل ہیں۔ جناب پردھان نے مزید کہا کہ یہ عمل اسکولی تعلیم کے پورے نظام میں زیادہ تال میل اور اِس کے اثرات کو یقینی بنائے گا۔×

CBSE

ثانوی تعلیم کے، مرکزی بورڈ CBSE نے کہا ہے کہ اِس سال کی بارہویں جماعت کی Answer Sheets کی دوبارہ جانچ اور تصدیق کیلئے ، نتائج کے بعد کی سرگرمیوں کا اُس کا پورٹل پیر یعنی کم جون سے کام کرنے لگے گا۔ CBSE نے یہ فیصلہ بارہویں جماعت کے اُن طلبا کی Answer Sheets کی تصدیق اور دوبارہ جانچ کیلئے ایک شفاف اور خامیوں سے پاک عمل کو یقینی بنانے کیلئے کیا ہے، جو اپنی درخواستیں داخل کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ CBSE نے بتایا کہ یہ فیصلہ دوبارہ جانچ کے اعلیٰ ترین معیارات اور طریقِ کار کو یقینی بنانے کیلئے کیا گیا ہے۔

بورڈ نے مزید بتایا کہ جو طلبا سوال پوچھنا چاہتے ہیں، وہ CBSE ٹیلی کاؤنسلنگ کی ہیلپ لائن کے ذریعے رابطہ

قائم کر سکتے ہیں۔

ہیلپ لائن نمبر ہے:

ایک آٹھ صفر صفر   ایک ایک   آٹھ صفر صفر چار

یہ طلبا اس ای میل پر بھی رابطہ قائم کر سکتے ہیں۔

**resultcbse2026@cbseshiksha.in**

## Odisha SIR Begins

آج اُڈیشہ میں، چناؤ فہرستوں پر، خصوصی تفصیلی نظرثانی SIR کا کام شروع ہو گیا ہے۔ مہینے بھر کا یہ عمل، بھارت کا انتخابی کمیشن انجام دے رہا ہے۔ یہ کام 28 جون تک جاری رہے گا اور اِس میں ریاست بھر کے 3 کروڑ 33 لاکھ رائے دہندگان کو شامل کیا جائے گا۔

نظرثانی کے کام کے تحت چناؤ فہرستوں کو تازہ ترین شکل دی جائے گی، جس میں دوہرے نام، مردہ لوگوں اور نااہل لوگوں کے نام ہٹائے جائیں گے، جبکہ سبھی اہل ووٹروں کے نام شامل کیے جائیں گے۔

چناؤ فہرست کا مسودہ 5 جولائی کو جاری کیا جائے گا، جس کے بعد ایک مہینے تک دعوے اور اعتراضات پر غور و خوض کیا جائے گا۔ قطعی چناؤ فہرست 6 ستمبر کو جاری کر دی جائے گی۔

شدید گرمی کے سبب اُڈیشہ کے انتخابی افسر نے ہدایت دی ہے کہ گھر-گھر جا کر تصدیق کرنے کا کام صبح اور شام کے اوقات میں ہی انجام دیا جائے اور دوپہر 12 بجے سے 3 بجے کے درمیان آؤٹ ڈور کام نہ کیا جائے۔×

## Vaishnaw Netra

الیکٹرانکس اور اطلاعاتی ٹکنالوجی کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ ڈیزائن سے وابستہ ترغیب DLI کی اسکیم کے، خاطر خواہ نتائج برآمد ہو رہے ہیں۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب ویشنو نے کہا کہ ترو انت پورم میں قائم، سیمی کنڈکٹر-اسٹارٹ اَپ، Netrasemi نے، ملک کا پہلا، چپ کے اوپر AI نظام NETRA-A2000 تیار کیا ہے، جس میں 12 نینو میٹر ٹکنالوجی کا جدید ترین Node استعمال کیا گیا ہے۔

انہوں نے کہا کہ جب یہ چپ، کاروباری پیمانے پر تیار کر لیا جائے گا، تو اِس سے نگرانی، آٹو موبیلز، روبوٹکس اور ڈرون جیسے شعبوں میں، تیز رفتاری سے دیکھنے کے نظام کو تقویت ملے گی۔×

## CAQM-GRAP I Revoked

NCR اور اِس سے متصل علاقوں کے، ہوا کی کوالٹی کے بندوبست سے متعلق کمیشن CAQM نے، درجہ بند کارروائی کے ایکشن پلان GRAP کے، بقیہ پروگرام کے پہلے مرحلے کے تحت، قومی راجدھانی خطّے NCR میں، سبھی کارروائیوں کو فوری طور پر ختم کر دیا ہے۔

یہ قدم اِس خطّے کی ہوا کی کوالٹی میں خاطر خواہ بہتری کے پیش نظر اُٹھایا گیا ہے۔ دلّی میں روزانہ کی اوسط میں، جو اِس ماہ کی 28 تاریخ کو 207 تھی، بہتری ہو کر کل یہ 123 پر آ گئی۔
بھارت کے محکمۂ موسمیات کی پیشگوئی سے بھی اشارہ ملتا ہے کہ امید ہے کہ ہوا کی کوالٹی کا انڈیکس، آئندہ دنوں میں اوسط کے زمرے میں رہے گا۔×

Portal Unclaimed Assets

مالی خدمات کے محکمے نے، ایسے مالی اثاثوں کے بارے میں معلومات فراہم کرنے کیلئے ایک مشترکہ پورٹل کا آغاز کیا ہے، جن پر کسی کا کوئی دعویٰ نہیں ہے۔ یہ پورٹل سرکاری شعبے کے بینک اتحاد PSBA کے تحت 12 بینکوں کے ساتھ ملکر تیار کیا گیا ہے۔ PSBA مرکزی حیثیت کی تنظیم ہے۔
وزارتِ خزانہ نے بتایا کہ یہ پورٹل www.unclaimedassetsportal.in پورے مالی نظام میں، ایک متحدہ پلیٹ فارم کے طور پر کام کرے گا، جس کے ذریعے، بینکوں میں جمع کی گئی ایسی رقوم، بیمے کی رقوم، شیئرس، منافعوں اور میوچوئل فنڈز کے بارے میں، معلومات فراہم ہو سکے گی، جن پر کسی نے کوئی دعویٰ نہیں کیا ہے۔ ×

IMD Weather

بھارت کے محکمۂ موسمیات IMD نے آج مغربی اترپردیش، بہار، اُڈیشہ، تمل ناڈو، پدوچیری، کرائکل اور انڈمان و نکوبار جزائر میں موسلادھار بارش کی پیش گوئی کی ہے۔
IMD نے ہریانہ، پنجاب، دلّی، راجستھان، وِدربھ اور چنڈی گڑھ میں ژالہ باری کے ساتھ آندھی طوفان کی پیش گوئی بھی کی ہے۔
محکمے نے شمال مشرقی ریاستوں اور ساحلی کرناٹک میں گرج چمک کے ساتھ آندھی طوفان کا امکان ظاہر کیا ہے، جبکہ مغربی مدھیہ پردیش اور تلنگانہ میں شدید گرمی کی لہر برقرار رہنے کا امکان ہے۔×

Asia U20 Atheletics

ہانگ کانگ میں جاری 20 سال سے کم عمر کی ایشین ایتھلیٹکس چمپئن شپ میں بھارت، مسلسل بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کررہا ہے۔ سونے کے چار، چاندی اور کانسے کے دو-دو تمغے سمیت کُل 8 تمغے جیت کر درجہ بندی میں وہ چین کے بعد دوسرے مقام پر پہنچ گیا ہے۔
کُل مقابلے کے دوسرے دن بھارتی ایتھلیٹس نے چار سونے کے تمغے سمیت سات تمغے جیتے۔
19 سال کی پوجا سنگھ نے خواتین کی ایک اعشاریہ تین میٹر کی ہائی جمپ میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے سونے کا تمغہ جیتا۔
بھارت کیلئے دیگر تین سونے کے تمغے نتن گپتا، امانت کمبوج اور راہل جاکھڑ نے حاصل کیے۔×

IPL Result

IPL کرکٹ میں کل رات نیو چنڈی گڑھ میں کھیلے گئے سیکنڈ کوالیفائر میچ میں گجرات ٹائٹنس نے راجستھان رائلس کو 7 وکٹ سے شکست دی۔ اِس جیت کے ساتھ اب کل احمدآباد میں کھیلے جانے والے فائنل مقابلے میں گجرات ٹائٹنس اور دفاعی چیمپئنس رائل چیلنجرس بنگلورو آمنے سامنے ہوں گے۔

راجستھان رائلس کی طرف سے جیت کیلئے مقررہ 215 رن کے نشانے کو، گجرات ٹائٹنس نے 8 گیند باقی رہتے ہوئے 3 وکٹ کے نقصان پر 219 رن بناکر حاصل کرلیا۔ شُبھمن گِل نے سب سے زیادہ 104 رن بنائے، جنہیں میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔

اِس سے پہلے، ٹاس جیت کر بلے بازی کرتے ہوئے راجستھان رائلس نے مقررہ 20 اوور میں 6 وکٹ کے نقصان پر 214 رن بنائے تھے۔

ویبھو سوریہ ونشی نے سب سے زیادہ 96 رن بنائے، البتہ وہ ایک بار پھر سینچری بنانے سے چوک گئے۔×

Women's Cricket

خواتین کرکٹ میں آج Bristol میں دوسرے ٹی-ٹوئنٹی بین الاقوامی میچ میں بھارت کا میزبان انگلینڈ سے مقابلہ ہوگا۔ اِس میچ میں بھارتی ٹیم تین میچوں کی سیریز کو جیتنے کے مقصد سے میدان میں اُترے گی۔ بھارتی وقت کے مطابق، یہ میچ شام سات بجے شروع ہوگا۔

جمعرات کے روز Chelmsford میں کھیلے گئے افتتاحی میچ میں انگلینڈ کو 38 رن سے شکست دینے کے بعد بھارت نے سردست سیریز میں ایک-صفر سے سبقت حاصل کرلی۔×

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: مجیب اختر

شکریہ - ضمیر

راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے اخبارات نے الگ الگ خبروں کو شہ سرخی بنایا ہے۔

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے گجرات کے بھج میں بھارت-پاکستان سرحد پر واقع چوکی پر جوانوں سے بات چیت کی اور 14 نگرانی چوکیوں کا افتتاح کیا اور کہا کہ سرحدی علاقوں کیلئے چہار رخی سیکیورٹی گرڈ بنے گی۔ اِس خبر کو روزنامہ پرتاپ نے جلی سرخی کے ساتھ شائع کیا ہے۔

روزنامہ پرتاپ نے وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ کے ہاتھوں آپریشن سندور انجام دینے والے بہادر فوجیوں کے تجربات پر مبنی کتاب کے رسم اجرا کی خبر کو پہلے صفحہ پر جگہ دی ہے۔ اِس موقع پر انہوں نے کہا کہ یہ کتاب آپریشن سندور انجام دینے والے جوانوں کو خراج عقیدت پیش کرتی ہے۔

بھارت، دنیا کی پانچویں سب سے بڑی ڈیجیٹل معیشت بن کر ابھرا، اسٹیٹ آف انڈیا ڈیجیٹل اکانمی 2026 کی رپورٹ میں یہ بات کہی گئی ہے۔ اِس خبر کو آج کے اخباروں نے خصوصی طور پر شائع کیا ہے۔

روزنامہ انقلاب نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے اُس اعلان کو بڑی اہمیت دی ہے، جس میں انہوں نے کہا کہ ایران کے ساتھ متعدد نکات پر اتفاق رائے میں پیشرفت ہوئی ہے نیز آبنائے ہرمز میں بحری ٹریفک کی بلا تعطل بحالی یقینی بنائی جائے گی۔

آج کے بیشتر اخبارات نے اردو کے نامور شاعر پدم شری ڈاکٹر بشیر بدر کے انتقال پر اردو دنیا اور ان کے مداحوں کی طرف سے زبردست خراج عقیدت پیش کیے جانے اور تعزیتی نشستوں کے اہتمام کی خبر پر بھی خصوصی توجہ مرکوز کی ہے۔×

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- مرکز نے، تیل مارکیٹنگ کمپنیوں سے کہا ہے کہ وہ مغربی ایشیاء محاذ آرائی جاری رہنے کے پیش نظر LPG کے ذخیرے 30 دن تک برقرار رکھیں۔

2- خاندانی صحت کے قومی سروے سے، ماں اور بچے کی صحت کے میدان میں، بڑے فائدوں کا پتہ چلا ہے۔ ادارہ جاتی زچگی میں اضافہ ہو کر یہ 90 اعشاریہ 6 فیصد ہو گئی ہے اور بچوں کی ٹیکہ کاری 96 فیصد ہو گئی ہے۔

3- میانما کے صدر Min Aung Hlaing بھارت کے 5 روزہ دورے کے پہلے مرحلے میں، آج صبح بہار میں بودھ گیا پہنچیں گے۔

4- بھارت کے محکمۂ موسمیات نے، آج ملک کی بہت سی ریاستوں میں موسلا دھار بارش اور گرج چمک کے ساتھ چھینٹا پڑنے کی پیشگوئی کی ہے۔

5- ہانگ کانگ میں،20 سال تک کی عمر کی، ایشئن ایتھلیٹکس چیمپئن شپ میں بھارتی ایتھلیٹس کا بول بالا رہا۔ انہوں نے دوسرے دن سونے کے دو تمغوں سمیت 7 تمغے حاصل کیے۔

6- اور IPL کرکٹ میں، گجرات ٹائٹنس نے راجستھان رائلز کو 7 وکٹ سے ہرا کر رائل چیلنجرس بنگلورو کے ساتھ فائنل میچ کھیلنے کو یقینی بنا دیا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-----------------------------------------